SECURITIES AND EXCHANGE
COMMISSION OF PAKISTAN

**PRESS RELEASE**
For immediate release
July 6, 2026

# SECP Urges Industry to Embrace Corporatization

**SIALKOT, July 6:** The Securities and Exchange Commission of Pakistan (SECP) Commissioner Muzzafar Ahmed Mirza has urged the business and industrial community to formalize their businesses through corporatization to improve governance, enhance transparency, and access new financing and growth opportunities.

Addressing the Sialkot Chamber of Commerce and Industry, Mirza said that SECP is simplifying regulatory procedures, reducing compliance requirements, and expanding digital services to make incorporation and corporate compliance easier for businesses. He said corporatization provides enterprises, including family-owned businesses, with greater credibility, improved governance frameworks, and better access to investment and formal financing channels.

Speaking on the occasion, SECP Commissioner Muhammad Ali Farid Khwaja highlighted the importance of promoting an investment culture in Pakistan and encouraged the business community and youth to participate in the capital market through informed investment decisions. He said increased participation of local investors would strengthen financial markets, support wealth creation, and contribute to economic development.

The Commissioners reaffirmed SECP's commitment to developing a transparent, digitally enabled corporate sector and promoting wider participation of businesses and investors in Pakistan's economic growth.

SECURITIES AND EXCHANGE
COMMISSION OF PAKISTAN

SECP

**PRESS RELEASE**
For immediate release
July 6, 2026

# ایس ای سی پی کا صنعت و کاروبار کو کارپوریٹ اسٹکچر اپنانے پر زور

سیالکوٹ، 6 جولائی: سکیورٹیز اینڈ ایکسچینج کمیشن آف پاکستان کے کمشنر مظفر احمد مرزا نے کاروباری اور صنعتی برادری پر زور دیا ہے کہ وہ بہتر گورننس، شفافیت، سرمایہ تک آسان رسائی اور کاروباری ترقی کے نئے مواقع حاصل کرنے کے لیے اپنے کاروبار کو کارپوریٹ اسٹکچر میں منتقل کریں۔

سیالکوٹ چیمبر آف کامرس اینڈ انڈسٹری سے خطاب کرتے ہوئے مظفر احمد مرزا نے کہا کہ ایس ای سی پی کاروباری آسانی کے فروغ کے لیے ریگولیٹری طریقہ کار کو مسلسل آسان بنا رہا ہے، کمپلائنس تقاضوں میں کمی لا رہا ہے اور ڈیجیٹل سہولیات کو وسعت دے رہا ہے تاکہ کمپنیوں کی رجسٹریشن اور قانونی تقاضوں کی تکمیل مزید آسان ہو سکے۔ انہوں نے کہا کہ کارپوریٹائزیشن کے ذریعے کاروباری ادارے، بالخصوص خاندانی کاروبار، بہتر ساکھ، مضبوط گورننس، سرمایہ کاری کے مواقع اور باضابطہ مالیاتی ذرائع تک رسائی حاصل کر سکتے ہیں۔

اس موقع پر ایس ای سی پی کے کمشنر محمد علی فرید خواجہ نے پاکستان میں سرمایہ کاری کے رجحان کو فروغ دینے کی اہمیت پر زور دیا اور کاروباری برادری اور نوجوانوں کو آگاہی اور ذمہ داری کے ساتھ کیپٹل مارکیٹ میں سرمایہ کاری کی ترغیب دی۔ انہوں نے کہا کہ مقامی سرمایہ کاروں کی زیادہ شمولیت مالیاتی منڈیوں کو مضبوط بنانے، دولت کے مواقع پیدا کرنے اور معاشی ترقی میں اہم کردار ادا کرے گی۔

دونوں کمشنرز نے شفاف، جدید اور ڈیجیٹل سہولیات سے آراستہ کارپوریٹ سیکٹر کے فروغ اور پاکستان کی معاشی ترقی میں کاروباری اداروں اور سرمایہ کاروں کی وسیع شمولیت کے لیے ایس ای سی پی کے عزم کا اعادہ کیا۔